



# دارالعلوم غریب نوازؒ ناندیڑ میں مقابلہ قرأت کا کامیاب انعقاد

## پوری دنیا میں سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب قرآن مقدس ہے: مفتی منشاد احمد مصباحی

ناندیڑ:13/جولائی (راست) شہر ناندیڑ میں واقع اہل سنت وجماعت کی عظیم درسگاہ دار العلوم غریب نواز میں ہر ماہ کی طرح اس ماہ بھی ۶/محرم الحرام بروز اتوار محفل چھٹی شریف کا اہتمام کیا گیا،جس کے حسین موقع پر طلبائے دار العلوم کے مابین مقابلہ قرأت کا انعقاد عمل میں آیا،جس میں اول، دوم اور سوم پوزیشن حاصل کرنے والے طلبا کو ترغیبی اسناد و انعامات سے نوازا گیا۔اس موقع پر دار العلوم کے صدر المدرسین مفتی منشاد احمد صاحب نے خطبۂ صدارت پیش کرتے ہوئے فرمایا کہ فن تجوید قرأت کی زینت،حروف کی ادائیگی اور انہیں اصل مقام سے ادا کرنے کا نام ہے ۔قرآن مقدس پر روشنی ڈالتے ہوئے مزید فرمایا کہ آج پوری دنیا میں سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب قرآن مقدس ہے۔قرآن کا کھلا ہوا معجزہ ہے کہ جب قرآن پاک کی تلاوت ہوتی ہے تو جذب وکیفیت دل پر طاری ہونے لگتی ہے اور روحانی لذت کا احساس ہوتا ہے حدیث میں آیا ہے کہ کلام اللہ سننے کے لئے ابوجہل جیسا دشمن اسلام بھی کاشانۂ نبوی کا چکر کاٹتا تھا۔اہل زباں انگشت بدنداں ہیں کہ ایک ایسی کتاب جس کا اسلوب چودہ سو سال سے زائد پرانا،جس کے محاورے چودہ سو سال سے زائد پرانے ،جس کے مفاہم ومطالب ایک عام انسان کی سمجھ سے پرے پھر بھی جب اس کی تلاوت ہوتی ہے تو دل بسمل تڑپنے لگتا ہے۔قبل ازیں مقابلۂ قرأت کا آغاز محمد صیف اللہ کی تلاوت کلام پاک سے ہوا۔بعدہ تمیم اختر بن امین اختر نے بارگاہ نبوت میں نعت کا نظرانہ پیش کیا،اس کے بعد حضرت قاری فیاض صاحب نے باضابطہ طلبا کو یکے بعد دیگرے مقابلہ کے لئے مدعو کیا۔فیصل کے فرائض حضرت حافظ وقاری محمد ہارون نظامی صاحب (خطیب وامام مسجد یونس ناندیڑ)حضرت قاری محمد راقب رضا صاحب امجدی (استاد دار العلوم ہذا)،حضرت قاری غفران صاحب (استاد دار العلوم ہذا) نے انجام دیا۔آخیر میں مفتی منشاد احمد صاحب پرنسپل دار العلوم ہذا نے کامیاب طلبا میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے طالب علم محمد طلحہ بن محمد رفیق ناندیڑ،دوم محمد ریحان بن عبد القدوس لاتور اور سوم محمد فیضان بن محمد عالم یو۔پی۔ کے ناموں کا اعلان فرما کر حضرت مولانا رفیق برکاتی مصباحی ،حضرت سید احمد علی مصباحی اور حضرت قاری ہارون نظامی صاحبان کے دستہائے اقدس سے اسناد و انعامات کی تقسیم فرمائی ۔محفل کا اختتام صلاۃ وسلام اور مفتی صاحب قبلہ کی دعا پر ہوا ۔اس موقع پر جملہ اساتذہ وطلبا،کمیٹی ممبران اور دیگر سامعین موجود تھے ۔اس طرح کا پریس نوٹ حضرت مولانا رفیق صاحب مصباحی نے جاری کیا۔

# 100 سے زائد زندہ سانپ پتلون میں چھپا کر چین سمگل کرنے کی کوشش ناکام



کسی بھی ملک کے سرحدی حکام کو مختلف قسم کی اشیا،منشیات اور رقوم کی سمگلنگ کی روک تھام کے لیے بہت سے اقدامات کرنے پڑتے ہیں اور اس دوران انھیں سمگلنگ کے نت نئے اور انوکھے طریقے دیکھنے کو ملتے ہیں۔ایسا ہی کچھ حال ہی میں چین میں کسٹم حکام کے ساتھ ہوا جب انھوں نے ایک شخص کو 100 سے زائد زندہ سانپوں کو اپنی پتلون میں بھر کر چین میں سمگل کرنے کی کوشش کرتے پکڑ لیا۔چینی حکام کا کہنا ہے کہ نامعلوم مسافر کو ہانگ کانگ اور شینزین شہر کے درمیان کراسنگ پر روکا گیا۔ وہ شخص اس راستے سے گزر رہا تھا جہاں سے بغیر سامان کے لوگ گزرتے ہیں۔چائنا کسٹمز کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ جب ان کی تلاشی لی گئی تو ان کی پتلون میں تھیلیاں تھیں جن میں 104 سانپ تھے۔ہر تھیلی میں مختلف اقسام کی شکل،سائز اور رنگوں میں زندہ سانپ پائے گئے۔چینی کسٹمز کی جانب سے جاری کی گئی ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ دو اہلکار زندہ سرخ،گلابی اور سفید سانپوں سے بھری تھیلیوں کا معائنہ کر رہے ہیں۔اگرچہ ان میں سے زیادہ تر سانپ چھوٹے تھے لیکن یہ رینگنے والے جانوروں کی ایک بڑی کھیپ ہے جسے کوئی شخص اپنی پتلون میں چھپا کر لے جاسکتا تھا۔چین میں بائیوسکیورٹی اور بیماریوں پر قابو پانے کے سخت قوانین کے تحت لوگوں کو اجازت کے بغیر غیر مقامی جانوروں کو ملک میں لانے پر پابندی عائد ہے۔کسٹم حکام کا کہنا ہے کہ 'جو لوگ قوانین کو توڑتے ہیں ان کے ساتھ قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔' سنہ 2023 میں بھی اسی کراسنگ پوائنٹ پر ایک خاتون کو اپنے زیر جامعہ کے اندر چھپے ہوئے پانچ سانپوں کو سمگل کرنے کی کوشش کرتے ہوئے روکا گیا تھا۔

### 11/7 ممبئی لوکل ٹرین بم دھماکہ معاملہ

# مقدمہ کی سماعت کے لیئے خصوصی بینچ کا قیام،پیر کو سماعت



ممبئی13/جولائی:7/11 ممبئی لوکل ٹرین بم دھماکہ مقدمہ کی سماعت کے لیئے ایک خصوصی بینچ کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ بامبے ہائی کورٹ کی ویب سائٹ موجود نوٹس کے مطاق جسٹس اے ایس کلور اور جسٹس شیام سی چانڈک 15/جولائی یعنی کے پیر کے روز سماعت کریگی۔ بذریعہ نوٹس بامبے ہائی کورٹ کے رجسٹرار نے فریقین کو مطلع کیا ہے۔خیال رہے کہ گذشتہ دنوں بامبے ہائی کورٹ نے دفاعی وکلاء کو یقین دلایا تھا کہ بہت جلد اپیلوں پر سماعت کی جائے گی۔ پیر کے دن فریقین خصوصی بینچ کے روبرو پیش ہونگے اس کے بعد ہی پتہ چلےگا آیا یہ بینچ مقدمہ کی سماعت یومیہ کی بنیاد پر کریگی یا کوئی اور شیڈول تیار کیا جائے گا کیونکہ استغاثہ اور دفاعی وکلاء نے اپیلوں پر بحث کرنے کے لیئے چھ ماہ کا وقت طلب کیا ہے یعنی اپیلوں پر بحث کرنے کے لیئے تقریباً چھ ماہ درکار ہوگا۔گذشتہ سماعت پر جمعیۃ علماء مہاراشٹر (ارشد مدنی) قانونی امداد کمیٹی کی جانب سے عرض گذار مسلم نوجوانوں کی نمائندگی کرتے ہوئے سینئر ایڈوکیٹ یوگ موہت چودھری نے عدالت کو بتایا تھا کہ 2015 سے ملزمین کی اپیلوں پر ہائی کورٹ میں سماعت نہیں ہوسکی۔ ضخیم ریکاڈ ہونے کی وجہ سے ہائی کورٹ کی کوئی بھی بینچ اپیلوں پر سماعت کرنے تیار نہیں ہے اور نا ہی ملزمین کو ضمانت دی جارہی ہے۔سینئر ایڈوکیٹ چودھری نے جسٹس بھارتی ڈانگرے اور جسٹس منجوشا دیشپانڈے کو مزید بتایا تھا کہ نچلی عدالت سے ملنے والی سزاؤں کے خلاف اپیل داخل کیئے ہوئے تقریباً آٹھ سال کا طویل عرصہ گذر چکا ہے اس کے باوجود ابھی تک اپیلوں پر سماعت شروع نہیں ہوسکی ہے۔دورکنی بینچ نے یوگ چودھری کو یقین دلایا تھا کہ ملزمین کی اپیلوں پر جلد ہی سماعت کی جائے۔عیاں رہے کہ خصوصی مکوکا عدالت کے جج وائی ڈی شندے نے ممبئی لوکل ٹرین بم دھماکہ کا فیصلہ سناتے ہوئے پانچ ملزمین احتشام قطب الدین صدیقی،کمال انصاری، فیصل عطاء الرحمن شیخ،آصف بشیر اور نوید حسین کو پھانسی اور 7/ملزمین محمد علی شیخ،سہیل شیخ، ضمیر لطیف الرحمن،ڈاکٹر تنویر،مزمل عطاء الرحمن شیخ،ماجد شفیع،ساجد مرغوب انصاری کو عمر قید کی سزا سنائی تھی جبکہ ایک ملزم عبدالواحد دین محمد کو باعزت بری کردیا تھا۔ بامبے ہائی کورٹ ایک جانب جہاں ریاستی حکومت کی جانب سے داخل کنفرمیشن اپیلوں پر سماعت کریگی وہیں تمام ملزمین کی جانب سے نچلی عدالت کے فیصلہ کے خلاف داخل اپیلوں پر سماعت کریگی۔ پھانسی کی سزا پانے والے کمال انصاری کا کرونا کے دوران ناگپور سینٹرل جیل میں انتقال ہوگیا تھا۔ان بم دھماکوں کو اٹھارہ سال دو دن قبل ہی مکمل ہوئے ہیں۔

# جلگاؤں کی اینگلو اردو ہائی اسکول و جونیئر کالج میں سولر پینلز تنصیب کی تیاریاں





جلگاؤں:13 جولائی (سعید پٹیل کے ذریعے) بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کی وجہ سے گزشتہ چند سالوں کے دوران ملک میں سولر پینل کے ذریعے بجلی پیدا کرنے کے رجحان میں اضافہ ہوا ہے۔سرکاری اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ چند سالوں میں مکانات ہسپتال،دوکانیں اور کاروباری اکائیوں وغیرہ کی چھتوں پر سولر پینل کی تنصیب میں بہت زیادہ اضافہ ہوا ہے ۔اس کے مدنظر انجمن تعلیم المسلمین کے صدر وراکین نے بجلی کے بھاری بل سے بچنے کے لیے سولر پینلز انسٹالیشن کا فیصلہ لیا ہے۔جو کہ ایک پائیدار مستقبل ہے نیز طلبہ وطالبات کو بھی سولر پینلز کے متعلق معلومات فراہم کی گئی،سوپروائزر نعیم بشیر سر نے بتایا کہ بجلی انسان کی بنیادی ضروریات میں سے ایک ضرورت بن گئی ہے۔ڈاکٹر رئیس نے توانائی کے روایتی اور غیر روایتی طریقوں کو سمجھاتے ہوئے سولر برقی خانے کی مفصل معلومات دیں نیز انھو نے بتایا کہ جب سورج کی روشنی سولر پینل سے ٹکراتی ہے تو روشنی کی توانائی پینل کے ذریعے جذب ہو جاتی ہے اور بجلی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔اس معلومات سے طلبہ لطف اندوز ہوتے دیکھے گئے۔اس وقت ادارہ ھذا کے پرنسپل ڈاکٹر شیخ بابوسر،وائس پرنسپل فاروق امیر سر،سپروائزر نعیم بشیر اور تدریسی وغیر تدریسی عملہ موجود تھا۔طلباء نے سولر پینلز تنصیب کی معلومات کی رہنمائی کو دلچسپی سے سماعت کیا۔

### پی ٹی آئی کو اس کے حق سے محروم کرنے والوں کو

# آرٹیکل 6 کے تحت کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔عمران خان



اسلام آباد۔13/جولائی۔ایم این این۔پی ٹی آئی کے بانی عمران خان نے جمعہ کے روز مخصوص نشستوں کے معاملے میں سپریم کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کیا اور مطالبہ کیا کہ ان لوگوں کے خلاف آئین کے آرٹیکل 6 کے تحت کارروائی کی جائے جنہوں نے ان کی پارٹی کو خواتین اور اقلیتوں کے لیے مخصوص نشستوں سے اس کے جائز حصے سے محروم کیا۔سوشل میڈیا پر اپنی پارٹی کی طرف سے جاری کردہ ایک پیغام میں، پی ٹی آئی کے بانی نے کہا کہ اللہ الحق ہے! میں نے اپنے اور پی ٹی آئی کے خلاف چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان کی طرف سے دکھائے جانے والے تعصب پر بار ہا تشویش کا اظہار کیا ہے۔آج کا سپریم کورٹ کا فیصلہ ای سی پی۔ کا تعصب اور پی ٹی آئی کے خلاف بدگمانی کو قائم کرنا-ہمارے موقف کو تقویت دیتا ہے۔ ہم ان تمام لوگوں کے خلاف آئین کے آرٹیکل 6 کے تحت فوجداری کارروائی کا مطالبہ کرتے ہیں جو پاکستان کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کے لاکھوں ووٹرز اور حامیوں کو حق رائے دہی سے محروم کرنے کے ذمہ دار ہیں۔جیل میں بند رہنما نے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ سے مطالبہ کیا کہ ای سی پی ممبران فوری مستعفی ہوں۔عمران خان، جو اڈیالہ جیل میں قید ہیں، نے چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کو پی ٹی آئی اور سابق وزیراعظم سے متعلق کیسز کی سماعت کرنے والے کسی بھی بینچ کا حصہ بننے سے خبردار کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ میں اس بات کا بھی اعادہ کروں گا کہ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ اپنے آپ کو مجھ یا پی ٹی آئی کے مقدمات سے دور رکھیں۔سپریم کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اپوزیشن جماعتوں نے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کر دیا۔سپریم کورٹ کے فیصلے کے فوراً بعد،قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف عمر ایوب نے سنی اتحاد کونسل کو مخصوص نشستیں نہ دینے پر ای سی پی کے تمام ارکان سے استعفیٰ دینے کا مطالبہ کیا۔مسٹر ایوب، جو پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل بھی ہیں، نے ایک بیان میں کہا کہ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ اور چار دیگر الیکشن کمشنروں کو سپریم کورٹ کے واضح فیصلے کے بعد فوری طور پر استعفیٰ دے دینا چاہیے۔انہوں نے الزام لگایا کہ ای سی پی پی ٹی آئی اور عمران خان کے خلاف متعصب ہے۔"یہ اب بھی ہمارے خلاف متعصب ہے۔پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے نے ملک میں جمہوریت کو ایک نئی طاقت دی ہے۔انہوں نے ایک بیان میں کہا،''اب الیکشن کمیشن کو ہماری مخصوص نشستیں الاٹ کرنی چاہئیں۔'' پی ٹی آئی کے ایک اور رہنما شبلی فراز نے کہا کہ سپریم کورٹ نے ای سی پی کا چہرہ بے نقاب کر دیا ہے جو" بدترین قسم کی دھاندلی" میں ملوث تھا۔جمعیت علمائے اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ سپریم کورٹ کا فیصلہ ان کی جماعت اور پی ٹی آئی کو قریب لے آئے گا۔پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر سے ٹیلیفونک گفتگو میں مولانا فضل نے کہا کہ جے یو آئی (ف) نے سپریم کورٹ کے فیصلے کو سراہا ہے۔انہوں نے پی ٹی آئی کو قومی اسمبلی کی مخصوص نشستوں کی بحالی پر مبارکباد دی۔

# کوئٹہ میں 7 اور 10 محرم کو انٹرنیٹ اور موبائل فون سروس کی معطلی کا اعلان



کوئٹہ۔ 13/جولائی۔ ایم این این۔ بلوچستان کے وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لنگو نے جمعہ کے روز کہا کہ کوئٹہ میں 7 اور 10 محرم کو صبح 6 بجے سے رات 12 بجے تک انٹرنیٹ اور موبائل فون سروس معطل رہے گی۔مزید برآں،صوبائی حکومت نے محرم میں حفاظتی اقدامات کو تیز کرتے ہوئے سات اضلاع میں دفعہ 144 نافذ کردی ہے۔پاکستان میں محرم کا آغاز 8 جولائی کو قمری مہینے کا چاند نظر آنے سے ہوا۔محرم میں ملک بھر میں عزادار جلوس اور مجالس کا انعقاد کرتے ہیں، جبکہ مذہبی اسکالرز سخت سیکیورٹی کے درمیان بڑے اجتماعات سے خطاب کرتے ہیں،سیکیورٹی کو یقینی بنانے کے لیے ہزاروں قانون نافذ کرنے والے اہلکار تعینات ہوتے ہیں۔شہر کے مختلف علاقوں میں حفاظتی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے اپنے دورے کے دوران، لانگو نے کہا کہ عاشورہ، 10 محرم کے دن کوئٹہ میں 8,000 سیکیورٹی اہلکار تعینات کیے جائیں گے۔اس دوران پاک فوج کی کوئیک رسپانس فورس کی پانچ پلاٹون اسٹینڈ بائی پر رہیں گی۔جبکہ وزیر داخلہ نے کہا کہ 9 اور 10 محرم کو جھل مگسی، جعفرآباد اور اوستہ محمد اضلاع میں موبائل فون سروس بند رہے گی۔صوبائی حکومت نے ڈبل سواری پر بھی پابندی عائد کردی ہے اور سات اضلاع میں یکم محرم سے دس بجے تک دفعہ 144 نافذ کردی ہے۔شہر میں امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا حکومت کی ذمہ داری ہے، لانگو نے میڈیا کو آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ محرم کے حوالے سے حفاظتی انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔دوسری جانب وفاقی حکومت نے 8 جولائی کو محرم کے دوران حفاظتی اقدام کے طور پر ملک بھر میں پاک فوج اور سول آرمڈ فورسز (سی اے ایف) کی تعیناتی کی منظوری دی تھی۔وزارت داخلہ کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق حکومت نے امن وامان برقرار رکھنے کے لیے فوج کی تعیناتی کی درخواست کی ہے۔نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ فوجیوں کی تعیناتی کی تفصیلات، جو غیر معینہ مدت کے لیے نافذ کی جائیں گی، متعلقہ حکام کے ساتھ مل کر طے کی جائیں گی۔مزید برآں، نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ مذکورہ تعیناتی کی ڈی ریکوزیشن کی تاریخ کا فیصلہ تمام اسٹیک ہولڈرز کے درمیان باہمی مشاورت کے بعد کیا جائے گا۔

# خیبر پختونخوا میں ٹارگٹڈ حملوں میں 3 سیکیورٹی اہلکار ہلاک

لکی مروت۔ 13/جولائی۔ ایم این این۔ حکام کے مطابق، جمعرات اور جمعہ کو خیبر پختونخواہ میں مختلف واقعات میں تین سیکیورٹی اہلکاروں سمیت پانچ افراد جان کی بازی ہار گئے۔جمعرات کی رات گئے ضلع بنوں کے قصبہ جانی خیل میں ٹارگٹڈ حملے میں فرنٹیئر کانسٹیبلری کے دو جوان شہید ہوگئے۔واقعے کی تصدیق کرنے والے ایک پولیس اہلکار نے بتایا کہ مسلح حملہ آوروں نے فوجیوں پر فائرنگ کی جو چھٹی پر اپنے آبائی علاقے میں آئے تھے۔انہوں نے کہا،" یہ ٹارگٹ کلنگ کا واقعہ ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ حملہ آور واقعے کے بعد علاقے سے فرار ہوگئے۔پولیس نے حملہ آوروں کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔جاں بحق ہونے والوں کی شناخت 32 سالہ اختر علی اور 33 سالہ سلیمان کے نام سے ہوئی ہے۔ ان کی لاشوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال بنوں منتقل کر دیا گیا۔مقامی پولیس کے مطابق، ایک اور حملے میں، کانسٹیبل اسرار احمد اس وقت شہید ہو گئے جب ایک موٹر سائیکل پر سوار مسلح افراد نے تحصیل باڑہ کے علاقے بار قمبر خیل میں خان کلیم سٹاپ کے قریب ان پر فائرنگ کی۔شہید کانسٹیبل چھٹیاں گزارنے گھر جا رہے تھے۔پولیس نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے اور حملہ آوروں کی گرفتاری کے لیے باڑہ کے مختلف علاقوں میں اضافی چوکیاں قائم کر دی ہیں۔

# امارت اسلامیہ کے اہلکاروں پر سے پابندیاں ختم کی جائیں۔شاہین

کابل۔ 13/جولائی۔ ایم این این۔قطر میں امارت اسلامیہ کے سیاسی دفتر کے سربراہ سہیل شاہین نے ان پابندیوں کے نفاذ کے بعد امارت اسلامیہ کے عہدیداروں پر سے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی پابندیاں ہٹانے کا مطالبہ کیا ہے۔قطر میں امارت اسلامیہ کے سیاسی دفتر کے سربراہ نے طلوع نیوز کو بتایا کہ پابندیاں موثر نہیں ہیں اور انہیں جلد از جلد اٹھا لیا جانا چاہیے۔شاہین نے طلوع نیوز کو بتایا یہ تمام پابندیاں جو بین الاقوامی برادری اور امارت اسلامیہ کے درمیان تعامل کی راہ میں رکاوٹ ہیں،کو ہٹایا جانا چاہیے تا کہ مثبت بات چیت کی راہ ہموار کی جاسکے۔حال ہی میں، اقوام متحدہ کی پابندیوں کی نگرانی کرنے والی ٹیم نے کہا کہ 61 سینئر ''طالبان" اہلکار عالمی پابندیوں کی فہرست میں شامل ہیں، جن میں سے 35 اسلامی امارت کی کابینہ اور قیادت کے ارکان ہیں۔اس فہرست میں امارت اسلامیہ کے اعلیٰ عہدیداران شامل ہیں جن میں امارت اسلامیہ کے وزیر اعظم ملا محمد حسن اخوند؛ ملا عبدالغنی برادر، نائب وزیر اعظم برائے اقتصادی امور؛ عبدالسلام حنفی، نائب وزیر اعظم برائے انتظامی امور؛ وزیر اعظم کے سیاسی نائب مولوی عبدالکبیر، امیر خان متقی، قائم مقام وزیر خارجہ؛ سراج الدین حقانی، قائم مقام وزیر داخلہ، عبدالحق واثق، جنرل ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس کے ڈائریکٹر؛ اور امارت اسلامیہ کے کئی دوسرے ارکان کے نام قابل ذکر ہیں۔مزید یہ کہ بعض سیاسی تجزیہ کاروں کا خیال ہے کہ ان پابندیوں کے نفاذ سے امارت اسلامیہ اور عالمی برادری کے درمیان تعلقات پر منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ایک سیاسی تجزیہ کار، جنت فہیم چکری کا کہنا ہے کہ امارت اسلامی کے سینئر ارکان پر پابندیاں عائد کرنے سے افغانستان اور اقوام متحدہ کے درمیان ہم آہنگی کا فقدان پیدا ہوتا ہے، اور یہ پابندیاں جتنی زیادہ برقرار رہیں گی، افغانستان اور اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے درمیان اتنا ہی فاصلہ بڑھتا جائے گا۔ایک تجزیہ کار طارق فرہادی نے کہا" اس معاملے میں، ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ ان افراد کو پابندیوں سے رہائی دلانے کے لیے افغانستان میں کیا اصلاحات متعارف کرائی جائیں، جس سے افغانستان کی معیشت کو بھی فائدہ پہنچے گا"۔قبل ازیں امارت اسلامیہ کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے طلوع نیوز کو بتایا کہ امارت اسلامیہ کے 24 عہدیداروں کے نام ابھی بھی اقوام متحدہ اور یورپی یونین کی بلیک لسٹ میں ہیں۔مجاہد نے امارت اسلامیہ کے عہدیداروں کے ناموں کو بلیک لسٹ سے نکالنے میں ناکامی کو دوحہ معاہدے کے منافی قرار دیا۔

# ہمارے ملک کا مستقبل چین کی خیرسگالی پر منحصر نہیں ہونا چاہیے۔تائیوان

تائی پے۔13/جولائی۔ایم این این۔تائیوان میں مقیم تائیوان نیوز نے کہا کہ تائیوان کی مین لینڈ افیئرز کونسل نے جمعہ کو کہا کہ تائیوان کے مستقبل کو چین کے رہنماؤں کی خیرسگالی پر انحصار نہیں کرنا چاہیے۔تائیوان نیوز نے کہا کہ مین لینڈ افیئرز کمیٹی کے وزیر چیو، چوئی ۔چینگ نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان بحران کا اہم مسئلہ چین کا تائیوان کے معروضی وجود کو تسلیم کرنے سے انکار ہے۔چوئی چینگ نے کہا کہ چین کا پروپیگنڈہ اور دھمکیاں آبنائے تائیوان کی ریاست میں بے یقینی کی فضا کی جڑ ہیں۔تائیوان نیوز نے ریڈیو تائیوان انٹرنیشنل کے حوالے سے رپورٹ کیا کہ چیو نے علاقائی امن اور استحکام کے تحفظ کے لیے صدر لائی چنگ ٹے کی جمود کو برقرار رکھنے کی پالیسی کا دفاع کیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت آئین کے ساتھ کھڑی رہے گی اور یہ کہ تائیوان اپنی خودمختاری کے ساتھ ایک الگ ادارہ ہے، لائی کی 20 مئی کی افتتاحی تقریر کے ایک تبصرے کو دہراتے ہوئے، جس نے چین کو ناراض کیا تھا۔انہوں نے تائیوان کے مسافروں پر بھی اپنی اپیل کا اعادہ کیا کہ اگر انہیں چین، ہانگ کانگ یا مکاؤ کا سفر کرنے کی ضرورت ہو تو احتیاط برتیں۔ضرورت پڑنے پر مدد حاصل کرنے کے لیے انہیں اپنے سفر سے پہلے ایم اے سی کی ویب سائٹ پر رجسٹر کرانا چاہیے۔گزشتہ ماہ چین کی جانب سے تائیوان کی آزادی کے حامیوں کو موت کی سزا دینے کی دھمکی کے بعد تائیوان کے مسافروں کی حفاظت پر تشویش عروج پر تھی۔چینی دھمکی کے نتیجے میں، تائیوان نے غیر ضروری سفر کے خلاف احتیاط کرتے ہوئے اپنی ٹریول ایڈوائزری کو پیلے سے نارنجی کر دیا۔اس سے قبل جمعرات کو، تائیوان کی کوسٹ گارڈ ایڈمنسٹریشن (سی جی اے) نے چائنا کوسٹ گارڈ کے چار جہازوں کا سایہ کیا جو آف شور کنمین کاؤنٹی کے آس پاس تائیوان کے زیر کنٹرول پانیوں میں داخل ہوئے۔

# جرمنی اپنے 5G نیٹ ورک سے چینی کمپنیوں کے اجزاء کو ختم کرے گا

برلن۔ 13/جولائی۔ ایم این این۔ جرمنی نے سائبر سیکیورٹی کے خطرات اور واحد سپلائرز پر انحصار کم کرنے کی ضرورت کے بارے میں خدشات کا حوالہ دیتے ہوئے، اگلے پانچ سالوں میں چینی کمپنیوں ہواوے اور زیڈ ٹی ای کی طرف سے بنائے گئے اجزاء کو اپنے 5G وائرلیس نیٹ ورک سے باہر کرنے کے منصوبوں کا اعلان کیا۔فیصلہ، جو امریکہ، برطانیہ، آسٹریلیا، اور جاپان سمیت دیگر ممالک کی طرف سے اسی طرح کے اقدامات کی پیروی کرتا ہے، کا مقصد جرمنی کے اہم بنیادی ڈھانچے اور مواصلاتی نظام کو ممکنہ تخریب کاری اور جاسوسی سے بچانا ہے۔ جرمنی میں موبائل نیٹ ورک آپریٹرز، بشمول ووڈافون، دوسے ٹیلیکام اور ٹیلی فونیکا نے 2026 کے آخر تک اپنے 5G کور نیٹ ورکس سے ہواوے اور زیڈ ٹی ای اجزاء اور 2029 کے آخر تک رسائی اور ٹرانسپورٹ نیٹ ورکس سے ہٹانے پر اتفاق کیا ہے۔اس اقدام پر چین کی طرف سے تنقید کی گئی ہے، جرمنی میں چینی سفارت خانے نے چینی کمپنیوں کے مفادات کے تحفظ کے لیے 'ضروری اقدامات' کرنے کا عزم ظاہر کیا ہے اور خبردار کیا ہے کہ اس سے متعلقہ شعبوں میں چین اور یورپ کے درمیان مستقبل میں تعاون متاثر ہو سکتا ہے۔

# گلگت بلتستان میں مافیا کی جانب سے زمینوں پر قبضے کے خلاف مقامی لوگوں کا احتجاج

گلگت بلتستان۔13/جولائی۔ایم این این۔ پاکستان کے زیر قبضہ گلگت بلتستان (پی او جی بی) میں مقامی زمین کے مالکان اور مویشی پالنے والے 2009 میں حکومت پاکستان کی جانب سے زمینوں پر قبضے کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں۔ مقامی میڈیا آوٹ لیٹ پامیر ٹائمز نے اطلاع دی ہے کہ یہ احتجاج پاکستان کے زیر قبضہ گلگت بلتستان (پی او جی بی) کے ضلع استور کے علاقے کلیشائے منیمرگ میں ہوا۔مظاہرین نے حکومت کو پکارتے ہوئے کہا کہ جو تصفیہ ان کو اس وقت دیا گیا تھا وہ مقامی رہنماؤں اور پی او جی بی کے لینڈ مافیا کے دستخط کردہ" ایک جعلی دستاویز کے سوا کچھ نہیں" تھا۔اس دور کی یہ واحد تصفیہ ہے جس پر لینڈ مافیا اور مقامی انتظامیہ نے دستخط کیے ہیں، صرف یہ واحد دستاویز تھی جس میں گٹھلی، ایسر اور ہیکٹر کی بجائے کلومیٹر میں زمین پر قبضہ کیا گیا، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ دستاویز کتنی بوگس تھی۔انہوں نے یہ بھی مطالبہ کیا کہ حکومت کی طرف سے اسی حکم کو منسوخ کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا جائے اور مجرموں کو قانون کے مطابق سزا دی جائے۔ ایک مقامی گاؤں کے رہنما غلام حیدر خان نے مطالبے کی حمایت کرتے ہوئے کہا،" میں مطالبے کی مکمل حمایت کرتا ہوں، کیونکہ ہماری روزی روٹی اس فیصلے پر منحصر ہے اور اگر انتظامیہ نے ہمارے مطالبات پر مناسب کارروائی نہ کی تو ہم معاملے کو آگے بڑھائیں گے۔ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ 2009 میں لینڈ مافیا نے جو زمینیں چھین لی تھیں وہ ہمارے لوگوں کو واپس کی جائیں اور انتظامیہ ہمیں سکون سے چھوڑ دے۔اس سے قبل اسکردو کے علاقے اولڈنگ کے مقامی لوگوں کی جانب سے بھی اسی طرح کا احتجاج کیا گیا تھا، کیونکہ رہائشیوں نے مقامی انتظامیہ کی جانب سے روکے گئے تعمیر نو اور تزئین وآرائش کے منصوبوں کی جلد تکمیل کا مطالبہ کیا تھا۔عوام نے تین سالوں سے تعطل کا شکار منصوبوں کو نظرانداز کرنے پر مایوسی کا اظہار کیا۔احتجاجی مظاہرے میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی جن میں نوجوان، خواتین، بچے اور تاجر برادری کے ارکان شامل تھے۔مظاہرین نے اپنی ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ذمہ دار حکام سے متعدد بار تحفظات کا اظہار کرنے کے باوجود انہیں صرف خالی وعدوں اور عدم توجہی کا سامنا کرنا پڑا۔

# نیٹو نے پہلی بار چین پر یوکرین پر روس کے حملوں کو بڑھاوا دینے کا الزام لگایا

واشنگٹن۔13/جولائی۔ایم این این۔کئی دہائیوں تک چین کو ایک دور دراز کے خطرے کے طور پر دیکھنے کے بعد، نیٹو نے اب بیجنگ پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ" یوکرین کے خلاف روس کی جنگ کا فیصلہ کن اہل کار" بن گیا ہے اور اس سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ "ہتھیاروں کے اجزاء" اور دیگر ٹیکنالوجی کی کھیپ کو روک دے جو روسی فوج کی تعمیر نو کے لیے اہم ہیں۔یہ بیان اتحاد کے 32 رہنماؤں کی طرف سے منظور کیے گئے ایک اعلامیے میں شامل ہے، جو 10 جولائی کو وائٹ ہاؤس میں ایک عشائیے میں جانے سے کچھ دیر پہلے تھا۔یہ نیٹو کے لیے ایک بڑی روانگی ہے، جس نے 2019 تک چین کو تشویش کے طور پر کبھی بھی سرکاری طور پر ذکر نہیں کیا۔اب، پہلی بار، یہ اتحاد واشنگٹن کی طرف سے روس کے لیے چین کی فوجی حمایت کی مذمت میں شامل ہوا ہے۔لیکن اس اعلان میں ایک واضح خطرہ ہے کہ روس کے لیے چین کی بڑھتی ہوئی حمایت کی قیمت چکانی پڑے گی۔اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ چین" حالیہ تاریخ میں یورپ کی سب سے بڑی جنگ کو اس کے مفادات اور ساکھ پر منفی اثر ڈالے بغیر نہیں کرسکتا، خاص طور پر روس کے دفاعی صنعتی اڈے کے لیے اس کی بڑے پیمانے پر حمایت" کا مطالبہ کیا۔نیٹو کے اعلامیے میں یہ واضح نہیں کیا گیا کہ یہ اخراجات کیا ہوں گے، حالانکہ فطری پہلا قدم اقتصادی پابندیاں ہوں گی جو چین کو عالمی منڈیوں کے کچھ حصوں سے روکتی ہیں۔یہاں تک کہ ایک سال پہلے، یورپی رہنما بیجنگ کو چیلنج کرنے میں ہچکچا رہے تھے، خاص طور پر جرمنی جیسی قومیں جو چین کو اعلیٰ درجے کی کاروں اور لگژری سامان کی ایک اہم منڈی کے طور پر دیکھتے ہیں۔بہت سے یورپی رہنماؤں نے ابتدائی طور پر 2022 کے اوائل میں بیجنگ اولمپکس سے قبل طے پانے والے معاہدے کو مسترد کر دیا تھا، جس پر روسی صدر ولادیمیر پوتن اور چینی صدر شی جن پنگ نے دستخط کیے تھے۔یہاں تک کہ امریکی صدر جو بائیڈن نے کہا کہ انہیں اپنے شکوک وشبہات ہیں کہ دشمنی کی طویل تاریخ کے حامل دونوں ممالک مل کر کام کر سکتے ہیں۔مارچ 2023 میں، کینیڈا کے دورے کے دوران، انہوں نے کہا" میرے خیال میں ہم شراکت کو بہت بڑھا چڑھا کر پیش کرتے ہیں۔مسٹر بائیڈن نے مزید کہا،'' میں اب پچھلے تین مہینوں سے سن رہا ہوں کہ چین روس کو اہم ہتھیار فراہم کرنے جارہا ہے اور وہ کرنے والا ہے اس بارے میں بہت سی باتیں ہو رہی ہیں۔" انہوں نے ابھی تک نہیں کیا۔اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ وہ نہیں کریں گے، لیکن انہوں نے ابھی تک ایسا نہیں کیا ہے۔

# ڈالر کے مقابلے یوآن کی گراوٹ کا سلسلہ جاری



بیجنگ۔ 13/ جولائی۔ ایم اینا ین۔جون کے آخری ہفتے میں، آف شور یوآن نے امریکی ڈالر کے مقابلے میں نمایاں کمی دیکھی، جو سات ماہ کی کم ترین سطح 7.27:1 تک پہنچ گئی۔چین کی کرنسی کی قدر میں کمی کئی عوامل سے متاثر ہوئی، جیسا کہ مارکیٹ کے تجزیہ کاروں نے تجویز کیا ہے۔تعاون کرنے والے عوامل میں سے ایک پیپلز بینک آف چائنا کی جانب سے قائم کردہ اسپاٹ فکسنگ کی متوقع شرح سے کم تھی۔اس سے یہ قیاس آرائیاں ہوئیں کہ چینی حکام یوآن کی قدر میں مزید کمی کی اجازت دے سکتے ہیں۔اس کے نتیجے میں، سال کے آغاز سے یوآن میں ڈالر کے مقابلے میں 2 فیصد سے زیادہ کی کمی دیکھی گئی ہے۔چین کی مین لینڈ اسٹاک مارکیٹ میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے انداز میں نمایاں تبدیلی آئی ہے۔ ادارے خریدنے کے بجائے اب بیچ رہے ہیں۔ صرف جون میں، تقریباً 33 بلین یوآن شنگھائی-ہانگ کانگ اسٹاک کنیکٹ کے ذریعے سرزمین سے نکلے۔اس سال اب تک، سرزمین سے ہانگ کانگ کی طرف کل سرمائے کا اخراج 129 بلین یوآن یعنی 17.8 بلین ڈالر تک پہنچ چکا ہے۔اپریل میں، ہانگ کانگ میں یوآن کے ذخائر 1.09 ٹریلین 50 بلین ڈالر تک پہنچ گئے، جو کہ آخری مرتبہ جنوری 2022 میں دیکھی گئی بلند ترین سطح کے قریب ہے۔یوآن کی قدر میں کمی کو عوامل کے مجموعہ سے منسوب کیا جاسکتا ہے، جن میں سے ایک چین میں اقتصادی سست روی ہے۔ تاہم، ایک اور اہم عنصر چین اور دیگر بڑی معیشتوں، خاص طور پر امریکہ کی طرف سے اختیار کردہ متضاد مالیاتی پالیسیاں ہیں۔پیپلز بینک آف چائنا نے ملکی ترقی کو تقویت دینے کی کوشش میں شرح سود میں کمی کرتے ہوئے مزید نرم رویہ اختیار کیا ہے۔یہ اقدام امریکی فیڈرل ریزرو کی حکمت عملی کے بالکل برعکس ہے، جو افراط زر کو روکنے کے اقدام کے طور پر زیادہ سخت مانیٹری پالیسی کو برقرار رکھنا ہے۔دونوں ممالک کے درمیان شرح سود میں اس فرق کا براہ راست اثر بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے چینی اثاثوں کی کشش پر پڑا ہے۔امریکہ کے مقابلے چین میں کم شرح سود نے چینی اثاثوں کو کم دلکش بنا دیا ہے۔ اس کے نتیجے میں چین سے سرمائے کے اخراج میں اضافہ ہوا ہے، جس سے ڈالر کے مقابلے یوآن مزید کمزور ہو گیا ہے۔یہ منظرنامہ اقتصادی عوامل کے پیچیدہ تعامل کو واضح کرتا ہے جو کرنسی کی شرح تبادلہ کو متاثر کر سکتے ہیں۔چین کے قومی ادارہ برائے شماریات کے جاری کردہ اعداد وشمار پراپرٹی کی سرمایہ کاری میں نمایاں کمی کو ظاہر کرتے ہیں۔ 2024 کے ابتدائی پانچ مہینوں میں پچھلے سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 10.1 فیصد کمی واقع ہوئی۔مزید برآں، نئے مکانات کی قیمتوں میں مسلسل کمی واقع ہوئی ہے، جو کہ دس سالوں میں سب سے زیادہ طویل کمی کی نشاندہی کرتی ہے۔یہ رجحان چین میں رئیل اسٹیٹ سیکٹر کو درپیش چیلنجوں کی نشاندہی کرتا ہے۔

# اننتامبانی کی شادی میں سیاسی لیڈروں کی بھرپور شرکت

## وزیراعظم نریندر مودی اور اپوزیشن کے کئی بڑے لیڈروں کی آج آمد متوقع،ممتابنرجی،اکھلیش یادو اور لالو یادو ہوئے شامل، کانگریس کی طرف سے دگوجے سنگھ،آنند شرما،سلمان خورشید،ابھیشیک منوسنگھوی اور راجیو شکلا نے موجودگی درج کرائی



ممبئی، 13 جولائی، 2024۔معروف صنعت کار مکیش امبانی کے بیٹے اننت اور رادھیکا کی شادی بڑی دھوم دھام سے ہوئی۔شادی کی تقریب میں ملک اور بیرون ملک سے ہزاروں مہمانوں نے شرکت کی۔سیاسی میدان سے تعلق رکھنے والی کئی شخصیات بھی نئے جوڑے کو مبارکباد دینے پہنچیں۔ امبانی کی شادی کی تقریب میں حکمراں پارٹی اور اپوزیشن دونوں کے کئی رہنما نظر آئے۔آج آشیرواد پروگرام میں وزیراعظم اور کئی سینئر اپوزیشن لیڈروں کی شرکت متوقع ہے۔شادی میں شرکت کرنے والے ملک کے اعلیٰ اپوزیشن لیڈروں میں ٹی ایم سی پارٹی کی رہنما اور مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتابنرجی،سماج وادی پارٹی کے قومی صدر اکھلیش یادو، آر جے ڈی کے سپریمو لالو پرساد یادو اور ان کے بیٹے اور بہار کے سابق نائب وزیر اعلیٰ تیجسوی یادو شامل تھے۔شیو سینا (یوبی ٹی) کے رہنما اور مہاراشٹر کے سابق وزیر اعلیٰ ادھو ٹھاکرے اور این سی پی (شرد پوار) پارٹی کی سینئر رہنما سپریہ سولے بھی شادی میں موجود تھیں۔اننت۔ رادھیکا کی شادی میں شرکت کے لیے مرکز میں اپوزیشن پارٹی کانگریس کے رہنماؤں کی ایک لمبی فہرست ہے۔انڈین نیشنل کانگریس پارٹی کے کئی سینئر لیڈران بشمول کانگریس لیڈر اور سابق وزیر اعلیٰ دگوجے سنگھ،آنند شرما،اجے ماکن، سلمان خورشید، ابھیشیک منوسنگھوی اور راجیو شکلا پارٹی میں موجود تھے۔این ڈی اے کے سرکردہ لیڈروں میں مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ اور شیوسینا لیڈر ایکناتھ شندے، مہاراشٹر کے دونوں نائب وزرائے اعلیٰ دیویندر فڑنویس اور اجیت پوار، بی جے پی لیڈر اسمرتی ایرانی اور آر پی آئی لیڈر رام داس اٹھاولے بھی آشیرواد دینے آئے۔

